13- گھر میں محفوظ و مامون ہونے کی صورت

گھر کے اندر ہم اپنے آپ کو محفوظ محسوس کرتے ہیں لیکن کئی موقوں پر گھر کے اندر بھی حادثات ہوجاتے ہیں۔کیا ہم اپنے گھر کو محفوظ بنا کر ان حادثات سے بچ سکتے ہیں؟ اپنے گھر کو حادثات سے محفوظ رکھنے کے طریقے جاننا بھی ضروری ہے کہ ایسے حادثات سے ہمیں کس طرح نپٹنا چاہئے۔

مقاصد:

1) گھر میں کس طرح محفوظ رہیں اس کے بارے میں معلومات حاصل کرنا۔

2) مخصوص حادثات کی حالت میں ابتدائی عمل پر تدابیر دینا۔

3) غیر محفوظ علاقوں کی پہچان کرنا اور انھیں محفوظ بنانا۔

سرگرمی 1:

لفظ ''حادثہ'' کو لیکر ذہنی نقشہ بنائے۔

بحث و مباحثہ کریں۔

1) آپ کے گھر یا خاندان میں کبھی کوئی حادثہ ہوا ہے؟

2) حادثے کا ابتدائی عمل کیسے کریں گیں؟

3) حادثات کو کیسے روکا جاسکتا ہے؟

ذیل میں دیئے گئے پیرا گراف کو بلند آواز اور واضح تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔

عام طور پر حادثات غیر متوقع اور ناخواستہ طور پر ہوجاتے ہیں۔گھر میں بنیادی حفاظتی اصول وضوابط کے بارے میں لاپرواہی بھی حادثے کا ایک سبب ہوسکتا ہے۔حتی کے آپ کے گھر میں کوئی غیر محفوظ حصہ بھی حادثے کا موجب ہوسکتا ہے۔اچھی بات یہ ہے کہ زیادہ تر حادثات سے بچا جاسکتا ہے۔یہ جاننا ضروری ہے کہ ہمارے گھروں میں کس طرح کے حادثات ہوسکتے ہیں۔

سرگرمی 2:

طلباء کے 3 تا 4 گروپ بنائے۔ہر گروپ کو حادثے موضوع پر رول پلے کا مظاہرہ کرنے کو کہیں۔

سرگرمی 3:

طلباء کو ابتدائی طبی امداد کا ڈبہ تیار کرنے کے لیے کہیں۔اور اس کی اہمیت کے ساتھ ساتھ بتائیں کہ وہ کس طرح استعمال میں آئیگا۔

سرگرمی 4:

طلباء کو کچھ ضروری فون نمبرات کی جانکاری دیں اور نوٹ کروائیں۔

جیسے:

1) پولس اسٹیشن = 100

2) ایمبولینس = 108

3) فائر بریگیڈ = 101

سرگرمی 5:

طلباء کو ان کے گھر میں ہونے والے حادثات سے جڑے حصوں کو پہچاننے کے لیے کہیں۔ ساتھ ہی وہاں ہونے والے خطرات کو کم کرنے کے طور طریقوں پر بات چیت کریں۔

سرگرمی 6:

طلباء کے ساتھ نیچے دیئے گئے موضوعات پڑھیں اور گروپ میں کھلی بات چیت کریں۔

1) گیس کے خارج (Leak) ہونے کو کس طرح روکا جاسکتا ہے۔

2) گرنے سے بچنے کے لیے کیا احتیاط کرنا چاہئیے۔

3) بجلی کا جھٹکہ نہ لگے اس کے لئے کیا کر سکتے ہیں۔

4) گھر میں چھوٹے بچے ہوں تو کون کونسی احتیاط کرنی چاہئے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

ابتدائی طبی امداد کی ٹرننگ کئی جگھوں پر کی جاتی ہے۔ ہر انسان ابتدائی طبی امداد نہیں دے سکتا ہے۔ غیر تربیت یافتہ فرد کے ذریعے دی گئی ابتدائی طبی امداد نقصاندہ ہوسکتی ہے۔ اس لیئے ابتدائی طبی امداد کسی تربیت یافتہ ہی سے لینی چاہئے۔

اہم الفاظ:

حادثہ، حفاظت، ابتدائی طبی امداد، اخراج (Leak)، ایمرجنسی، غیر متوقع۔